© rasailojaraid.com



# مکاتیب

(۱)

محترمی مولانا زاہدالراشدی دامت الطافکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

مارچ کا 'الشریعۃ' ملے ہفتہ سے اوپر ہو گیا۔ اس میں اپنا خط دیکھ کر خیال ہوا کہ جو کچھ بھی لکھا جائے، یہ سوچ کر لکھا جائے کہ یہ شائع ہوگا، ورنہ تین سطری خط تو ایسا نہیں تھا کہ اس کی اشاعت کا اندیشہ گزرتا۔ اس قدر اجمال اور اختصار تھا کہ بس آپ کے ذاتی ملاحظہ کے لیے موزوں سمجھا جا سکتا تھا۔ خیر، کوئی شکایت نہیں، بلکہ قارئین سے معذرت ہے۔ لیکن اسی (کارٹون پر ردعمل کے) حوالے سے اداریہ میں ۳/ مارچ کی ملک گیر ہڑتال کی حمایت میں آپ کی اپیل اس قدر خلاف توقع لگی کہ اب کس سے شکوہ کرے کوئی؟ آپ نے اس کے لیے پاکستان کی سیاسی اور دینی جماعتوں کو 'خراج تحسین' پیش کیا ہے۔ سیاسی جماعتوں کو تو کچھ کہنے کی ضرورت نہیں، البتہ دینی جماعتوں پر اس معاملے میں کچھ کہتے نہیں بنتا۔ مارچ کے 'الفرقان' میں میرے اس سلسلہ کے تاثرات شاید نظر سے گزر چکے ہوں۔ یہ ۲۰/۲۱ فروری کے احتجاجی پروگراموں سے متعلق تھے جن کا یہ پہلو انتہائی رنج دہ تھا کہ تحفظ ناموس مصطفیٰ کے عنوان کو سوفی صدی مقامی سیاست کے لیے استعمال کیا جا رہا تھا۔ اور ۳/ مارچ کا پروگرام تو اس کا نقطہ عروج تھا۔ مولانا عبدالماجد دریابادیؒ کے الفاظ میں ایک مقدس عنوان کی اس سے بڑھ کر "بدخدمتی" مذہبی لوگوں کے ہاتھوں اور کیا ہو سکتی تھی؟

گستاخی معاف۔ والسلام

نیازمند

(مولانا) عتیق الرحمن سنبھلی

لندن

(۲)

برادر عزیز و محترم زاہدالراشدی صاحب،

سلام مسنون

آپ کی عنایت سے 'الشریعۃ' باقاعدگی سے مل رہا ہے۔ اپنے علمی اور دینی معیار کے اعتبار سے اور موضوعات کے تنوع کے لحاظ سے بلاشبہ 'الشریعۃ' صف اول کا جریدہ ہے۔ افراط و تفریط کے اس دور میں آپ کے اداریوں کا معروضی تجزیہ



© rasailojaraid.com